علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: پاکستانی ادب URDU3501/URD3001/9828/9466 سمسٹر: خزاں، 2026

سطح: گریجویٹ

ہدایت نامہ برائے طلباء (ODL موڈ)

عزیز طلبہ! السلام علیکم

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال 1: نثری اور شعری اصناف کی وضاحت کریں، نیز یہ بتائیں کہ وقت کے ساتھ ساتھ بدلتے ہوئے سماجی حالات نے ادبی اصناف پر کیا اثرات مرتب کیے ہیں؟ (20)

سوال 2: ناول کے **بنیادی اجزائے ترکیبی** کیا ہیں؟ اردو ناول نگاروں نے ہجرت کے دکھ کو ایک انفرادی واقعے کے بجائے اجتماعی "تہذیبی المیے" کے طور پر کس طرح پیش کیا ہے؟ (20)

سوال 3: افسانوی ادب میں **"کردار نگاری"** کی فنی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔ کیا پاکستانی افسانہ نگار انسانی نفسیات کے پیچیدہ پہلوؤں کو کامیابی سے بیان کر پائے ہیں؟ 20)

سوال 4: ڈراما کے بنیادی اجزا میں پلاٹ کی اہمیت کیا ہے؟ ٹیلی ویژن ڈراموں پر ایک نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال 5: صنف انشائیہ اور شخصیت نگاری کی تعریف کریں، نیز دونوں اصناف کے اہم لکھنے والوں کا تعارف کرائیں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال 1: سفر ناموں میں محض منظر کشی کے بجائے "داخلی کیفیات" اور مشاہدات کو کیوں فوقیت دی جا رہی ہے؟ نیز پاکستانی دور کے اہم سفر نامہ نگاروں کا تعارف کرائیں۔ (20)

سوال 2: نظم کی بنت میں "مرکزی خیال" اور "تسلسل" کی اہمیت واضح کریں، نیز پاکستانی دور کے اہم نظم نگاروں پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال 3: پاکستانی دور کی غزل میں کلاسیکی روایت کی پاسداری اور جدید حسیت کا امتزاج کس حد تک نظر آتا ہے؟ اس دور کی غزل کے فنی خصائص کا جامع جائزہ لیں۔ (20)

سوال 4: پاکستان میں اردو تنقید نے کن نئے فکری اور فنی جہتوں کو اپنایا ہے؟ جدید تنقیدی نظریات نے اردو ادب کی تفہیم میں کیا کردار ادا کیا ہے؟ مدلل جواب تحریر کریں۔ (20)

سوال 5: ادب میں "پاکستانیت" سے کیا مراد ہے اور یہ مختلف اصناف مثلاً ناول، افسانہ، نظم اور غزل میں کس طرح جھلکتی ہے؟ نصاب کی روشنی میں جواب تحریر کریں۔ (20)